© rasailojaraid.com



**A Brief Study of the Holy Quran** [قرآن پاک کا ایک مختصر مطالعہ]'

پروفیسر شفیق احمد ملک۔ ناشر: طارق برادرز' ۵- پہلی منزل' جلال الدین ٹرسٹ بلڈنگ' اُردو بازار' لاہور۔ صفحات: ۱۹۱۔ قیمت: ۱۰۰ روپے۔

قرآن کے زندہ معجزات میں سے ایک یہ بھی ہے کہ دنیا کے ہر حصے میں اس کے پیغام کو سمجھنے اور اس کے مفہوم کو دوسروں تک پہنچانے کی کوشش برابر جاری ہے۔

پروفیسر شفیق احمد ملک نے رُبع صدی سے زائد عرصہ اسلامیہ کالج لاہور میں انگریزی زبان کی تدریس کی ہے۔ اب انھوں نے انگریزی تعلیمی اداروں میں زیر تعلیم طلبہ کے لیے مختصر مطالعۂ قرآن کا سلسلہ شروع کیا ہے۔ سب سے پہلے سورہ کے مرکزی مضامین کا تعارف کرایا گیا ہے' پھر ہر رکوع کے مضامین کا مختصر مفہوم اور خلاصہ۔ اس کام میں انھوں نے معروف اُردو تفسیروں کے علاوہ مولانا سید ابوالاعلیٰ مودودیؒ کی شہرہ آفاق تفسیر تفہیم القرآن کے تازہ ترین انگریزی ترجمے (از ظفر اسحاق انصاری) سے بھی استفادہ کیا ہے۔

مصنف' دقیق علمی بحثوں اور باریکیوں سے صرفِ نظر کرتے ہوئے' ایک رُکوع کے مرکزی موضوع کو تقریباً ایک صفحے میں سمیٹ دیتے ہیں۔ مذکورہ مطالعے کی پہلی جلد میں سورۂ فاتحہ سے سورۂ یوسف تک ۱۲ سورتیں شامل ہیں۔ ہر سورہ کا تعارف انتہائی باریک خط میں ہے' نسبتاً بڑے خط میں ہونا چاہیے تھا۔ مکۃ المکرمہ کے لیے MECCA کی بجائے MAKKAH لکھنا مناسب ہے۔ صلوٰۃ کا اُردو متبادل NAMAZ لکھا گیا ہے۔ مناسب ہوتا کہ SALAT لکھا جاتا۔

مجموعی طور پر کاوش قابلِ تحسین اور وقت کی ایک اہم ضرورت ہے۔ انگریزی دان طبقے خصوصاً نوجوان طالب علموں کے لیے یہ ایک مفید اور لائق مطالعہ کتاب ہے۔ (محمد ایوب منیر)

**یاد نامۂ داؤدی**' مرتبین: تحسین فراقی' جعفر بلوچ۔ ناشر: دار التذکیر' غزنی سٹریٹ' اُردو بازار' لاہور۔ صفحات: ۳۰۶۔ قیمت: ۲۰۰ روپے۔

جناب خلیل الرحمٰن داؤدی (۱۹۲۳ء-۲۰۰۲ء) ادبی تحقیق اور مخطوطہ شناسی میں ایک ممتاز

© rasailojaraid.com